# ہوم انرجی اسسٹنس پروگرام
# اہلیت پر پورا اترنے والے غیر شہریت یافتہ فرد

ایک اہل غیر شہریت یافتہ فرد وہ ہیں جو ذیل میں دی گئی اہلیتوں میں سے ایک پر پورا اترتے ہوں:

- جن کو امیگریشن اینڈ نیشنیلٹی ایکٹ (INA) کے تحت مستقل رہائشی غیر شہریت یافتہ حیثیت جاری کی گئی ہو؛ یا
- INA کی شق 208 کے تحت پناہ دی گئی ہو؛ یا
- INA کی شق 207 کے تحت امریکہ میں قبول کیے گئے ایک پناہ گزین؛ یا
- INA کی شق (5)(d)212 کے تحت کم از کم ایک سال کی مدت کے لیے پیرول پر امریکا میں لایا گیا ہو؛ یا
- جن کے ملک بدر کیے جانے کو 1 اپریل 1997 سے قبل نافذ العمل INA کی شق (h)243 کے تحت موقوف رکھا گیا ہو، یا جن کے نکال باہر کیے جانے کو INA کی شق (3)(b)241 کے تحت موقوف رکھا گیا ہو؛ یا
- جن کو 1 اپریل 1980 سے قبل نافذ العمل INA کی شق (7)(a)203 کے تحت مشروط داخلے کی اجازت دی گئی ہو؛ یا
- کیوبا یا ہیٹی سے داخل ہونے والے افراد کی حیثیت جاری کیے جانے والے، جن کی تعریف 1980 کے پناہ گزین تعلیمی معاونت ایکٹ کی شق (e)501 میں بیان کی گئی ہے؛ یا
- 8 U.S.C. 1641(c) میں بیان کردہ تعریف کے مطابق مخصوص ظلم و ستم کا شکارغیر شہریت یافتہ افراد یا غیر شہریت یافتہ افراد جو انسانی سمگلنگ کے متاثرین ہیں؛ یا
- کینیڈا میں پیدا ہونے والا ایک آبائی شمالی امریکی انڈین جس پر امیگریشن اینڈ نیشنلٹی ایکٹ کی شق 289 کی شرائط لاگو ہوتی ہیں؛ یا
- انڈین خود ارادیت اور تعلیمی معاونت ایکٹ (25 U.S.C. 5304(e)) کی شق (e)4 میں بیان شدہ تعریف کے مطابق ایک وفاقی طور پر تسلیم شدہ انڈین قبیلے کا رکن، جس کی پیدائش امریکا سے باہر ہوئی ہو؛ یا
- امریکا میں بطور امریشین (Amerasian) تارک وطن داخلہ دیے گئے فرد، جیسا کہ 1996 کے ذاتی ذمہ داری اور کام کے مواقع کے مصالحتی ایکٹ (8 U.S.C. 1612(a)(2)(A)(v)) کی شق 402(a)(2)(A)(i)(V) میں بیان کیا گیا ہے؛ یا
- مخصوص ہمونگ یا ہائی لینڈ لاؤ قبیلے کے ارکان؛ یا
- امریکی مسلح افواج میں فعال فوجی ڈیوٹی، تربیت کے لیے فعال ڈیوٹی کے علاوہ، پر متعین شدہ یا ان کے شریک حیات، پسماندگان میں شامل شریک حیات جنہوں نے دوبارہ شادی نہ کی ہو یا اس شہری کے غیر شادی شدہ زیر کفالت بچے اگر مذکورہ شریک حیات یا زیر کفالت بچے بھی اہل غیر شہریت یافتہ افراد ہیں؛ یا

- اہل غیر شہریت یافتہ افراد جو سابقہ فوجی ہوں اور (1) جن کو امریکی مسلح افواج سے اچھے کردار کے ساتھ ڈسچارج حاصل ہوا ہو نہ کہ بَدیسی ہونے کی وجہ سے، یا (2) جو اہلیت پوری کر دینے والی کسی کیفیت کے حامل ہوں، جیسا کہ ریاست نیویارک کے ایگزیکٹو قانون کی شق 350 میں بیان کیا گیا ہے، اور جن کو مسلح افواج سے برے طرز عمل کی بنیاد پر یا جبری طور پر (اور بَدیسی ہونے کی وجہ سے نہیں) کے علاوہ کسی اور وجہ سے ڈسچارج ملا ہو، یا (3) وہ ڈسچارج شدہ LGBT سابقہ فوجی ہیں، جس کی تعریف ریاست نیویارک کے ایگزیکٹو قانون کی شق 350 میں بیان کی گئی ہے، اور مسلح افواج سے برے طرز عمل کی بنیاد پر یا جبری طور (اور بَدیسی ہونے کی وجہ سے نہیں) کے علاوہ کوئی اور ڈسچارج ملا ہو؛ یا ان کے شریک حیات، پسماندہ شریک حیات جنہوں نے دوبارہ شادی نہ کی ہو، یا غیر شادی شدہ زیر کفالت بچے اگر مذکورہ شریک حیات یا زیر کفالت بچے بھی اہل غیر شہریت یافتہ حیثیت کے حامل ہیں؛ یا

- ان کو امیگریشن اینڈ نیشنیلٹی ایکٹ کی شق 212(d)(5)(A) کے تحت افغان ہیومینیٹیرین پیرول جاری کیا گیا ہے اور ان کو (1) 31 جولائی 2021 اور 30 ستمبر 2022 کے دوران پیرول پر امریکہ میں لایا گیا، یا (2) ان کو 30 ستمبر 2022 کے بعد پیرول پر امریکہ میں لایا گیا اور وہ: (a) 31 جولائی 2021 اور 30 ستمبر 2022 کے دوران افغاننستان سے نکال کر پیرول پر امریکہ میں لائے گئے فرد کے شریک حیات یا بچہ ہیں، یا (b) 31 جولائی 2021 اور 30 ستمبر 2022 کے دوران تنہا پیرول پر امریکہ میں لائے گئے بچے کے والد یا والدہ یا قانونی سرپرست ہیں؛ یا

- انسانی اسمگلنگ کی سخت قسم کا شکار فرد جن کو امریکی محکمہ صحت اور انسانی خدمات کی طرف سے سن 2000 کے اسمگلنگ اور تشدد کے متاثرین کے تحفظ کے ایکٹ، بشمول ترامیم، کے تحت ایک سند نامہ یا اہلیت کا خط دیا گیا ہے؛ یا

- ان کو امیگریشن اینڈ نیشنیلٹی ایکٹ کی شق 212(d)(5) یا 8 U. S. C. 1182(d)(5) کے تحت یوکرائنی ہیومینیٹیرین پیرول جاری کیا گیا ہے اور ان کو (1) 24 فروری 2022 اور 30 ستمبر 2023 کے دوران پیرول پر امریکہ میں لایا گیا، یا (2) ان کو 30 ستمبر 2023 کے بعد پیرول پر امریکہ میں لایا گیا اور وہ: (a) 24 فروری 2022 اور 30 ستمبر 2023 کے دوران یوکرین سے نکال کر پیرول پر امریکہ میں لائے گئے ایسے فرد کے شریک حیات یا بچہ ہیں جو اس سے قبل باقاعدہ طور پر یوکرین میں رہائش بذیر تھے، یا (b) 24 فروری 2022 اور 30 ستمبر 2023 کے دوران تنہا پیرول پر امریکہ میں لائے گئے بچے کے والد یا والدہ، قانونی سرپرست یا اولین نگہداشت کنندہ ہیں؛ یا

- امیگریشن اینڈ نیشنیلٹی ایکٹ کی شق 101(a)(27) یا 2009 کے افعان الائیز پروٹیکشن ایکٹ (AAPA) کی شق 602(b)(1) /یا 2006 کے نیشنل ڈیفنس اتھرائزیشن ایکٹ (NDAA) کی شق 1059(a) کے تحت خصوصی تارک وطن کی حیثیت یافتہ عراقی یا افغانی شہری۔